TERMS & CONDITIONS GOVERNING THE GRANT OF LICENSE BY SONERI BANK LIMITED (HEREINAFTER REFERRED TO AS THE LICENSOR) TO THE LICENSEE

*لائسنس دار کو سونیری بینک لمیٹڈ (جسے بعدازاں لائسنس دہندہ کہا جائے گا) کی جانب سے لائسنس کی فراہمی سے متعلقہ شرائط وضوابط

1. It is hereby agreed that the relation of the parties hereto shall be that of a Licensor and Licensee.

1۔ یہاں اس بات کا اقرار کیا جاتا ہے کہ فریقین کا تعلق ایک لائسنس دہندہ اور لائسنس دار کا ہوگا۔

2. Soneri Bank Limited (Safe Deposit Department) will normally remain open during Banking hours on all working days and will remain closed on Sundays (except nominated branches) and Bank holidays.

2۔ سونیری بینک لمیٹڈ (سیف ڈپازٹ ڈپارٹمنٹ) عام طور پر تمام کاروباری دنوں میں کاروباری اوقات کے دوران کھلا رہے گا اور اتوار اور (نامزد برانچوں کے علاوہ) بینک کی تمام چھٹیوں میں مکمل طور پر بند رہے گا۔

3. All the rent for the Lockers are payable strictly in advance and the Licensor reserves the right to refuse access to the Lockers in the event of the rentals not being paid when due, whether the same are demanded or not. Moreover, in case of delay in annual locker rental payment which is due and payble under this application terms and conditions, is not paid by me/us when due, then I/we hereby undertake to pay an amount to the Charity Fund maintained by the Mustaqeem Islamic banking of the Bank ("Charity Fund"). if demanded by the Bank, an amount charged as per the prevailing Bank's Schedule of Charges. Such amounts shall be utlized by the Bank for charitable purposes as determined by the charity policy framed by the Bank in consultation with the Shariah Board of the Bank. I/we hereby consent to such utilization of the amount by the Bank.

3۔ لاکر کے کرائے کی تمام رقم پیشگی ادا کرنا لازمی ہے، خواہ کرایہ طلب کیا گیا ہو یا نہیں اور مقررہ وقت پر کرایہ ادا نہ کرنے پر بینک (لائسنس دہندہ) کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ لاکر تک رسائی سے انکار کردے۔ مزید برآں اس درخواست فارم کے شرائط وضوابط کے تحت لاکر کا قابل ادائیگی سالانہ کرایہ مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر میں/ہم بذریعہ ہذا یہ ذمہ داری قبول کرتا ہوں/کرتے ہیں کہ بینک کے مطالبہ پر مستقیم اسلامی بینکنگ کے تحت بینک کے قائم کردہ چیریٹی فنڈ ("چیریٹی فنڈ") میں بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز کے مطابق مقررہ رقم جمع کراؤں گا/کرائیں گے۔ یہ رقم بینک کی جانب سے خیراتی مقاصد کیلئے استعمال کی جائے گی، جن کا تعین بینک کے شریعہ بورڈ کی مشاورت سے تیار کردہ بینک کی چیریٹی پالیسی کے مطابق کیا جائیگا۔ میں/ہم بذریعہ ہذا رقم کے اس استعمال کی اجازت دیتا ہوں/دیتے ہیں۔

4. The Licensee shall have no right of property on the Locker, but only the right of use thereof and access thereto, during the subsistence of the License agreement in accordance with the conditions set out herein. The Licensee will, accordingly, be unable to assign or sublet the Locker or any part of it.

4۔ لائسنس دار کو لاکر کی ملکیت حاصل نہیں ہوگی لیکن یہاں طے کی گئی شرائط کے مطابق کئے جانے والے لائسنس کے معاہدے کی مدت کے دوران لاکر کے استعمال اور اس تک رسائی کی اجازت ہوگی۔ لائسنس دار لاکر کو نہ تو کسی کو تفویض کرسکتا ہے اور نہ ہی اس کے کسی حصے کو کسی شخص کے حوالے کرسکتا ہے۔

5. The licensee's agreement will be terminated upon the death or insolvency of the Licensee and the locker will be sealed and no further access shall be allowed until the required formalities, as per the Bank's prevailing policies and standard operating procedures, are completed.

5۔ لائسنس دار کے انتقال یا دیوالیہ ہونے کی صورت میں لائسنس کا معاہدہ منسوخ ہوجائے گا اور لاکر کو سیل کردیا جائے گا اور مزید رسائی کی اجازت نہیں ہوگی جب تک بینک کی موجودہ تمام پالیسیز اور طریقہ کار کو مکمل نہیں کیا جائے گا۔

6. The Licensee shall not be permitted to use the Locker for any purpose other than for the deposit of documents, jewellery or other valuables, nor shall the Licensee use the Locker for the deposit of any article of an explosive, harmful or destructive nature.

6۔ لائسنس دار کو اجازت نہیں کہ وہ لاکر کو دستاویزات، زیورات اور دیگر قیمتی سامان رکھنے کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے استعمال کرے اور نہ ہی اسے اس بات کی اجازت ہے کہ وہ لاکر کو دھماکہ خیز، نقصان دہ اور تباہ کن نوعیت کی اشیاء رکھنے کے لئے استعمال کرے۔

7. **The Licensee authorizes the Bank for arranging takaful of his/her/their Locker against any loss, sustained by him/her/them, of locker content i.e. any securities, bonds, certificates, jewellery, or any other property or articles of intrinsic value other than cash affected due to Fire, Riot and Strike Damage, Malicious Damage, Atmospheric Disturbance, Explosion, Earthquake, Fire and Shock, Aircraft Damage, Impact Damage, Burglary, robbery, House Breaking and Terrorism up to the following maximum limit as per the size of the Locker which is subject to completion of necessary formalities and required documents:**

7۔ **لائسنس دار بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ اس کے لاکر میں موجود اشیاء مثلاً کوئی سیکیورٹی، بانڈز، سرٹیفکیٹ، زیورات یا دیگر املاک یا اجناس کے علاوہ کسی اور نوعیت کی اشیاء جو کہ آگ، فساد اور حملے سے ہونے والے نقصان، بدنیتی پر مبنی نقصان، فضائی خلل، دھماکے، زلزلے، فائر یا شاک، ہوائی جہاز سے ہونے والے نقصان، اثرات کے نقصان، چوری، ڈکیتی، نقب زنی اور دہشتگردی جیسے نقصان سے بچانے کیلئے تکافل کا انتظام کرے جو کہ ضروری کارروائیوں اور مطلوبہ دستاویزات کی فراہمی سے مشروط ہے اور جس کی لمٹ، لاکر سائز کے مطابق درج ذیل ہوگی:**

Locker Size لاکر سائز	Maximum Takaful Coverage Value تکافل کوریج کی زیادہ سے زیادہ حد
Small چھوٹا	Rs. 2,000,000/- روپے
Medium درمیانہ	Rs. 2,500,000/- روپے
Large بڑا	Rs. 3,000,000/- روپے

Note: The above takaful limits are subject to change at any time.

نوٹ: مندرجہ بالا تکافل کی حدود کسی بھی وقت تبدیل ہوسکتی ہیں۔

8. **Except for the Takaful cover mentioned in Clause No. 7 above, the Licensor will not incur any liability or responsibility in the event of partial or complete loss or destruction of or damage to any article, documents, securities or valuables in the Lockers, due to any reason whatsoever, including mysterious/unexplained disappearance of cash equivalent and other articles placed in the locked Locker, accident or force majeure. Compensation for loss due to burglary/theft shall be limited and available in terms of "Locker Contents Takaful Policy" arranged by the Licensor, details of which have been appended in Clause No. 7 above.**

8۔ **مندرجہ بالا شق نمبر 7 میں بیان کردہ تکافل کور کے علاوہ لاکر میں موجود کسی شے، دستاویزات، سیکیورٹیز یا قیمتی سامان کا کسی بھی وجہ سے کوئی بھی، جزوی یا مکمل نقصان یا بربادی، بشمول بند لاکر میں رکھے مساوی کیش اور دیگر اشیاء کی پُراسرار/ناقابل توضیح گمشدگی، حادثے یا آفت کی صورت میں لائسنس دہندہ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ کسی ڈکیتی/چوری کی صورت میں ازالہ محدود ہوگا جس کی نشاندہی لائسنس دہندہ کی جانب سے دی جانے والی "لاکر کے سامان کی تکافل پالیسی" کی شرائط میں کی جائے گی، جس کی تفصیل مندرجہ بالا شق نمبر 7 میں دی گئی ہے۔**

9. Mudarabah Terms & Conditions:

- The rent-free locker safe deposit (security) amount shall be placed in Current Remunerative Locker Account on the basis of Mudarabah arrangements. Mudarabah means a type of partnership in which one partner (Rabul-maal) i.e. customer provides the capital while the other partner (Mudarib) i.e. Bank provides the expertise and management of business.
- PSR (Profit Sharing Ratio) & Weightages shall be announced periodically and posted on the notice board of the Islamic Banking branches and website of the Bank. Profit will be calculated on the basis of pre-agreed weightages and applicable PSR.
- The profit/loss earned/incurred on Current Remunerative Locker Account will be credited/debited as announced by the Bank on the basis of its networking results of the Savings Scheme as per terms announced by the Bank from time to time.
- The bank may also invest in the business, with its share proportional to its equity in the pool, and may commingle its funds or other depositors funds including the current deposit within the Mudarabah pool as and when required.
- Zakat shall be deducted on valuation date from savings accounts having balance equal or greater than NISAB amount as declared for that particular Zakat year. A declaration on the prescribed form for exemption of Zakat deduction should be registered with the bank at least one month prior to the valuation date or as per Zakat rules applicable from time to time.

9۔ **مضاربہ کی شرائط وضوابط:**

- بنا کرایہ لاکر کے سیف ڈپازٹ (سیکیورٹی) کی رقم مضاربہ کی بنیاد پر کرنٹ ریمنریٹیو لاکر اکاؤنٹ میں رکھی جائے گی۔ مضاربہ ایک ایسی شراکت داری ہے جس میں ایک فریق (ربُ المال) یعنی کسٹمر سرمایہ فراہم کرتا ہے جبکہ دوسرا فریق (مضارب) یعنی بینک کاروبار کی مہارت اور انتظام فراہم کرتا ہے۔
- منافع کی تقسیم کا تناسب (PSR) اور ویٹیجز کا اعلان وقتاً فوقتاً کیا جائے گا اور اسلامک بینکنگ برانچز کے نوٹس بورڈ اور بینک کی ویب سائٹ پر آویزاں کیے جائیں گے۔ منافع کا تخمینہ پہلے سے طے شدہ ویٹیجز اور قابلِ اطلاق PSR کی بنیاد پر کیا جائے گا۔
- کرنٹ ریمنریٹیو لاکر اکاؤنٹ میں حاصل ہونے والا منافع/نقصان بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ شرائط کے مطابق، سیونگز اسکیم کے مجموعی کاروباری نتائج کی بنیاد پر اکاؤنٹ میں جمع یا منہا کیا جائے گا۔
- بینک ضرورت کے مطابق اپنے حصے کے تناسب سے اس مضاربہ پول میں سرمایہ کاری کرسکتا ہے اور اپنے فنڈز زیادہ تر پارٹنرز کے فنڈز بشمول کرنٹ ڈپازٹس کو اس مضاربہ پول میں شامل کرسکتا ہے۔
- زکوٰۃ مقررہ تاریخ پر اُن سیونگز اکاؤنٹس سے کاٹی جائے گی جن میں بیلنس متعلقہ زکوٰۃ سال کے لیے اعلان کردہ نصاب کی مقررہ حد کے برابر یا اس سے زیادہ ہو۔ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنا کے لیے مقررہ فارم بینک میں مقررہ تاریخ سے کم از کم ایک ماہ قبل یا زکوٰۃ کے قابل اطلاق قواعد کے مطابق جمع کروانا لازم ہے۔

10. * Key Product Features Facility Against Safe Deposit (Security Amount):
- Available for Small, Medium and Large Lockers
- This Locker Link Account will be opened for every customer under Current Remunerative category on the basis of Mudarabah
- Monthly minimal returns on amount placed in link account
- Zakat will be applicable
- The security amount + accrued profit will be returned to the customer on locker surrender only.

Security Deposit amounts as per prevailing SOCs. (Terms & Conditions apply)

10۔ * پروڈکٹ کی اہم خصوصیات جس کے تحت سیف ڈپازٹ (سیکیورٹی رقم) کے عوض سہولت فراہم کی جاتی ہے:
- چھوٹے، درمیانے اور بڑے لاکرز کے لیے دستیاب
- ہر کسٹمر کے لیے مضاربہ کی بنیاد پر کرنٹ ریمنریٹو کیٹیگری کے تحت لاکر لنک اکاؤنٹ کھولا جائے گا
- لاکر سرنڈر کرنے کی صورت میں سیکیورٹی رقم بمع منافع کسٹمر کو واپس کر دی جائے گی
- زکوۃ لاگو ہوگی
- لنک اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم پر مختصر ماہانہ منافع دیا جائے گا

سیکیورٹی ڈپازٹ رقم موجودہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوگی (شرائط وضوابط لاگو ہیں)

11. Keeping in view the safety, security, and takaful of the valuables placed in the Lockers, Licensees are advised to avoid keeping any liquid and/or perishable and/or contraband items. Furthermore, keeping cash (local or foreign currency) inside the Locker is also prohibited, as the humidity and heat may adversely affect these banknotes and the limitations of the Takaful coverage shall also apply under these circumstances.

11۔ لاکرز میں رکھی قیمتی اشیاء کی حفاظت، سیکیورٹی اور تکافل برداری کیلئے لائسنس دار کو تنبیہہ کی جاتی ہے کہ وہ لاکر میں کوئی مائع اور/ یا خراب ہونے والی اور/ یا ممنوعہ اشیاء نہ رکھے۔ مزید برآں، کیش (مقامی یا غیر ملکی کرنسی) بھی لاکر میں رکھنے کی ممانعت ہے، کیونکہ نمی اور گرمی نوٹوں کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے اور اس صورتحال میں تکافل کوریج کی حد بندی بھی لاگو ہوگی۔

12. The Licensee undertakes that, in the event of any loss of the contents of his/her/their Locker, he/she/they will declare to the Bank on oath, a true and correct inventory of the contents and the loss thereof and further agree that in the event of such declaration being found to be incorrect, he/she/they will not be entitled to any compensation for the loss suffered by him/her/them. Notwithstanding the accumulated value of declared articles or any article thereof, the Licensee hereby acknowledges and understands that the value of claim, if any, shall not exceed the value of article or the amount of Takaful to be claimed, whichever is less.

12۔ لائسنس دار اقرار کرتا ہے کہ اس کے لاکر کی اشیاء کو کوئی نقصان پہنچنے کی صورت میں، وہ بینک کو حلف نامے پر فہرست اشیاء اور ہونے والے نقصان کی ٹھیک اور درست تفصیل سے آگاہ کرے گا اور مزید اس بات پر بھی رضامند ہے کہ غلط انکشاف کرنے پر وہ کسی نقصان کی تلافی کا حقدار نہیں ہوگا۔ ظاہر کی گئی اشیاء یا کسی شے کی مجموعی قدر کے باوجود، لائسنس دار بذریعہ ہٰذا تسلیم کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ یکلیم، اگر کوئی ہو، کی رقم اشیاء کی قدر یا تکافل کی رقم سے زیادہ نہیں ہوگی، جو بھی کم ہو۔

13. The Licensor reserves the right to shift the Locker to any other location in the event of the branch being closed/shifted/relocated or merged with any other branch of the Licensor or the Locker service being discontinued at the branch, with prior written notice to the licensee as specifed by SBP from time to time; and under such safeguards as the Bank deems fit/appropriate.

13۔ برانچ کی بندش/منتقلی/ جگہ کی تبدیلی لائسنس دہندہ کی کسی دوسری برانچ میں انضمام یا برانچ سے لاکر سروس ختم ہونے پر لائسنس دہندہ کو یہ اختیار ہے کہ لائسنس دار کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی وقتاً فوقتاً دی گئی ہدایات کے مطابق اور بینک کی نظر میں مناسب حفاظتی اقدامات کے تحت، پیشگی اطلاع دے کر لاکر کو کسی دوسری جگہ منتقل کر دے۔

14. Either party may terminate the Agreement of license on giving the other seven days' notice in writing. Upon receipt of such notice from the licensor or giving such notice by the licensee, the licensee shall immediately vacate the locker and the key of the locker shall in such case be delivered by the licensee to the licensor against refund of security deposit/key deposit. In the event of the licensee failing to vacate the locker, the licensor reserves the right to break open the locker and either forward or retain and keep the contents in such locker as per the procedures appended in Clause No. 15 below.

14۔ کوئی بھی پارٹی دوسری پارٹی کو سات دن کا تحریری نوٹس دے کر لائسنس کا معاہدہ ختم کر سکتی ہے۔ لائسنس دہندہ کو ایسا کوئی نوٹس موصول ہونے یا لائسنس دار کے ایسا کوئی نوٹس دینے پر، لائسنس دار فوری طور پر لاکر خالی کر دے گا اور سیکیورٹی ڈپازٹ/ سالانہ کرائے کے تصفیے (جو بھی صورت ہو) کیلئے لاکر کی چابی لائسنس دہندہ کے حوالے کرے گا۔ اگر لائسنس دار لاکر خالی نہیں کرتا تو لائسنس دہندہ کو یہ حق ہوگا کہ وہ لاکر توڑے اور اس لاکر کے سامان کو مندرجہ ذیل شق نمبر 15 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق رکھے یا بھیج دے۔

15. Without prejudice to any other remedies, which the Licensor may have against the Licensee, all rights to the use of the Locker shall, at the option of the Licensor, be forfeited upon non-payment of the annual rent, whether the same shall be demanded or not, or upon breach of any of the conditions hereof by the Licensee; and the Licensor shall be at liberty to break open the Locker, and either to forward (by parcel post or by other reasonable means, at the Licensee's risk and cost) the contents of the Locker to the Licensee at his/her/their registered address, or may retain and keep the said contents in such other locker or place, as it may think fit, at a charge of the amount of the rent thereby agreed to be charged for the said Locker or to sell the contents without any notice or reference to the Licensee, appropriate sale proceeds towards payment of the outstanding rent and other dues.

15۔ لائسنس دار سے تلافی کے دیگر طریقوں سے قطع نظر، لاکر کے استعمال کے تمام حقوق لائسنس دہندہ کے انتخاب پر ہوں گے اور سالانہ کرائے کی عدم وصولی، خواہ اس کا مطالبہ کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو یا لائسنس دار کی یہاں دی گئی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر ختم ہو جائیں گے اور لائسنس دہندہ کو یہ آزادی حاصل ہوگی کہ وہ لاکر توڑ دے اور چاہے تو (لائسنس دار کے اپنے رسک اور خرچے پر پارسل کی صورت میں، یا کسی اور موزوں ذریعے سے) لاکر کی اشیاء اس کے رجسٹرڈ پتے پر روانہ کر دے، یا روک لے اور ایسے ہی کسی دوسرے لاکر میں یا جہاں وہ مناسب سمجھے طے شدہ لاکر کے کرائے پر مذکورہ اشیاء کو رکھ دے، یا واجب الادا کرائے یا دیگر واجبات کی ادائیگی کیلئے اشیاء کو فروخت کر دے، مناسب فروخت آمدنی کی مد میں، لائسنس دار کو نوٹس یا حوالہ دیئے بغیر۔

16. If the keys of the Locker be lost by the Licensee, the Licensor should be notified without delay. All charges for reopening the Locker and for changing the lock and key shall be payable by the Licensee.

16۔ اگر لائسنس دار سے لاکر کی چابی گم ہو جائے، تو لائسنس دہندہ کو فوراً مطلع کرے۔ لاکر دوبارہ کھولنے، لاک اور چابی تبدیل کرنے کے تمام چارجز لائسنس دار کو ادا کرنے ہوں گے۔

17. All repairs required to be done to the locker, locker door, etc. shall be done exclusively by workmen appointed by the Licensor.

17۔ لاکر اور لاکر کے دروازے وغیرہ کی مرمت لائسنس دہندہ کے مقرر کردہ مخصوص کاریگروں کے ذریعے ہی کی جائے گی۔

18. For reasons of grave or urgent necessity or for any other reasons, not due to the willful default of the Licensor, which make the opening of the Safe Deposit Department unsafe or inexpedient, the Licensor reserves the right of closing the Safe Deposit Department for such period as it may consider necessary. The Licensor also reserves the right of making changes in the opening and closing hours of the Department without any prior intimation.

18۔ لائسنس دہندہ کی قصداً غفلت سے نہیں، انتہائی سخت یا فوری ضرورت کے تحت یا کسی اور وجہ سے سیف ڈپازٹ ڈپارٹمنٹ کھولنا غیر محفوظ یا ناموزوں ہو تو لائسنس دہندہ کو یہ اختیار ہے کہ جتنا عرصہ ضروری سمجھے سیف ڈپازٹ ڈپارٹمنٹ بند کر دے۔ لائسنس دہندہ پہلے سے مطلع کئے بغیر ڈپارٹمنٹ کھلنے اور بند کرنے کے اوقات بھی تبدیل کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

19 Licensee(s) is/are warned to keep the keys of the Lockers in a place of safety, not to divulge the number of their Lockers/their passwords (if any is given) and not to deliver the keys to any person other than their joint licensee(s).

19۔ لائسنس دار (داران) کو خبردار کیا جاتا ہے کہ لاکر کی چابیاں کسی محفوظ جگہ پر رکھے/رکھیں، اپنے لاکرز کا نمبر/ان کا پاسورڈ (اگر کوئی دیا گیا ہو) کسی پر ظاہر نہ کرے/کریں اور اپنے مشترکہ لائسنس دار (داران) کے علاوہ کسی کو چابی نہ دے/دیں۔

20. The Licensee(s) undertakes that he/she/they is/are the ultimate beneficial owner(s) of the articles/contents placed in his/her/their locker.

20۔ لائسنس دار (داران) ذمہ لیتا ہے/ لیتے ہیں کہ وہ اپنے لاکر کی اشیاء/سامان کا/ کے بنیفیشل اونر (ز) ہے/ہیں۔

21. Security/Key Deposit (whatever applicable), goods or any valuable articles, hereinafter collectively and individually called article, lying in the locker has not been inspected or acknowledged by the licensee(s) for a period of (15) years from the day on which it was last inspected or acknowledged by the licensee(s), shall be subject to surrender to State Bank of Pakistan, as unclaimed deposit and article of value, under the provisions of Section 31 of Banking Companies (Amendment) Act, 2024.

21۔ سیکیورٹی/ چابی کا ڈپازٹ (جو بھی قابل اطلاق ہو)، لاکر میں رکھا ہوا سامان یا کوئی قیمتی آرٹیکل، اب سے اسے بحیثیت مجموعی اور انفرادی آرٹیکل کہا جائے گا، اور لائسنس دار کی جانب سے آخری بار چیک کئے جانے کے بعد پندرہ (15) سال تک دوبارہ چیک نہ کئے جانے پر، بینکنگ کمپنیز (ترمیمی) ایکٹ، 2024 کے سیکشن 31 کے مطابق غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹ اور آرٹیکل قرار دے کر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کر دیا جائے گا۔

22. The Licensee(s) agrees to abide by such rules and regulations as the Bank may, from time to time, adopt.

22۔ لائسنس دار (داران) بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً بنائے جانے والے قوانین وضوابط کی پابندی کرنے پر راضی ہے/ ہیں۔

23. All applicable charges shall be payable by the Licensee as per prevailing Bank's Schedule of Charges.

23۔ لائسنس دار (داران) کو تمام لاگو چارجز بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ادا کرنے ہوں گے۔

24. The Locker will be opened by the Licensee only after the Master Key has been applied by the Bank Official.

24۔ بینک آفیشل کی جانب سے ماسٹر کی (Master Key) لگانے پر ہی لائسنس دار لاکر کھول سکے گا۔

25. In case of any dispute between the joint Licensees, duly notified to the Bank by any of them, the Bank may at its discretion, preclude the locker from being operated until such time as it receives orders from a court of competent jurisdiction or written confirmation letter signed by the Licensees for settlement of dispute.

25 ۔ مشترکہ لائسنس داران میں تنازعہ کی صورت میں ان میں سے کسی ایک کی جانب سے بینک کو اطلاع دی جائے گی، تو بینک اپنی صوابدید پر لاکر کو استعمال سے روک دے گا جب تک کہ مجاز عدالت سے حکم موصول نہیں ہو جاتا یا تنازعہ کے حل کی مشترکہ لائسنس داران کی جانب سے تصدیق کا تحریری خط نہیں مل جاتا۔

26. Any change of address or phone number must be promptly noticed by the Licensee to the Bank and any notice or communication sent by registered post to the address given by the Licensee shall be deemed to have been duly and properly delivered to the Licensee when in the ordinary course of time it would have reached him/her.

26 ۔ پتے یا فون نمبر میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع لائسنس دار کو فوری بینک کو دینی چاہیے اور لائسنس دار کے رجسٹرڈ پتے پر بھیجا گیا نوٹس یا اطلاع لائسنس کو عام حالات میں مقررہ وقت کے مطابق مکمل اور درست طریقے سے موصول شدہ تصور کیا جائے گا۔

27. In the event of mechanical failure of the vault or for any other unavoidable reasons including those of Force Majeure, the Bank may close the safe deposit vault for such period, as it may consider expedient and necessary. The Licensee shall have no claim of any kind against the Bank for such temporary closure.

27 ۔ تجوری کی مشینری میں مسئلے کے نتیجے میں یا کسی دیگر ناگزیر وجوہات بشمول نادیدہ وجوہات کی بنا پر موزوں اور ضروری لگنے کی صورت میں بینک سیف ڈپازٹ تجوری کو جتنے عرصے کیلئے مناسب اور ضروری سمجھے بند کر سکتا ہے۔ ایسی عارضی بندش کے سلسلے میں لائسنس دار بینک کے خلاف کسی بھی قسم کا کوئی دعویٰ نہیں کرے گا۔

28. The Bank is hereby authorized to make disclosures regarding the lockers and/or the contents thereof to any competent authority pursuant to receiving an order of such authority as per the applicable laws in this regard.

28 ۔ بینک کو بذریعہ ہذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ متعلقہ اتھارٹی کو اس حوالے سے موجود قوانین کے مطابق ان کی جانب سے حکم پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاکر سے متعلق معلومات ظاہر کرے اور/یا اس میں موجود اشیاء کا بتائے۔

29. All rules and regulations stated herein are subject to be amended or varied from time to time and the Licensee shall be bound to strictly adhere to all the current and amended rules and regulations. However, changes would be deemed communicated and accepted by the Licensee if published on the bank's website or advised to the customer.

29 ۔ یہاں بیان کئے گئے تمام قوانین اور ریگولیشنز وقتاً فوقتاً تبدیلی اور مختلف ہونے سے مشروط ہیں اور لائسنس دار تمام موجودہ اور ترمیم شدہ قوانین اور ریگولیشنز پر عمل کرنے کا تابع سے پابند ہوگا۔ بینک کی ویب سائٹ پر شائع ہونے یا کسٹمر کے علم میں آنے کے بعد تبدیلیاں فراہم اور تسلیم کی گئی تصور کی جائیں گی۔

30. The locker operations shall be governed by the laws of Islamic Republic of Pakistan and rules and regulations of the State Bank of Pakistan.

30 ۔ لاکر کا استعمال اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قوانین اور ریگولیشنز کے تحت کیا جائے گا۔

31 You can access the latest Soneri Bank Locker Terms & Conditions and Schedule of Charges directly by scanning the below QR Code.

31۔ آپ درج ذیل QR کوڈ کو اسکین کر کے سونیری بینک کے لاکر کی تازہ ترین شرائط وضوابط اور شیڈول آف چارجز تک براہِ راست رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

*اردو میں بیان کردہ شرائط وضوابط میں کسی بھی لفظ یا جملے پر ابہام کی صورت میں انگریزی کو صحیح مانا جائے گا۔

Terms & Conditions

Schedule of Charges

Signature of Account Holder (Primary Licensee)
اکاؤنٹ ہولڈر کے دستخط (بنیادی لائسنس دار)

Signature of Joint Locker Holder (if applicable)
شریک لاکر ہولڈر کے دستخط (اگر لاگو ہو)

Signature of Joint Locker Holder (if applicable)
شریک لاکر ہولڈر کے دستخط (اگر لاگو ہو)

Signature of Joint Locker Holder (if applicable)
شریک لاکر ہولڈر کے دستخط (اگر لاگو ہو)